GENV

ہمارا ماننا ہے کہ بچپن میں صحت کے مسائل کو دور کیا جا سکتا ہے۔

چھاتی سے دودھ نکالنے کے لیے GenV کی ہدایات

- **کیا آپ کے بچے کی عمر ایک ہفتے سے کم ہے؟** بچے کی عمر 7 دن ہونے پر، یا اس کے بعد جلد از جلد، نمونہ حاصل کریں
- **کیا آپ کے بچے کی عمر ایک ہفتے سے زیادہ ہے؟** جلد از جلد نمونہ حاصل کریں
- **کیا آپ بھول گئی تھیں یا یہ کام مشکل رہا؟** کسی بھی وقت اپنا نمونہ ہمیں بھیج دیں – ہر نمونہ اہم ہے
- بچے کو دودھ پلانے سے پہلے نمونہ حاصل کرنا آسان ہو سکتا ہے - دودھ پلانے کے بعد نمونہ لینا بھی ٹھیک ہے

کیا کٹ گم ہو گئی ہے یا کوئی غلطی ہو گئی ہے؟ – ہم سے رابطہ کریں
فون نمبر: 1800 436 888 ویب سائیٹ: www.genv.org.au

حفاظت کے حوالے سے معلومات:

بچوں سے دور رکھیں۔ بچوں کو ٹیوب کو ہاتھ نہ لگانے دیں۔
ٹیوب میں کچھ پاؤڈر ہے۔ یہ پاؤڈر محفوظ ہے لیکن یہ آنکھوں، جلد یا سانس کی نالی میں سوزش پیدا کر سکتا ہے۔
اگر پاؤڈر جلد یا آنکھوں سے چھو جائے تو پانی سے دھوئیں۔
اگر سوزش جاری رہے تو ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

1

آپ کو ان چیزوں کی ضرورت ہے:
- ہدایات کا یہ کارڈ
- چھاتی کے دودھ کے نمونے کے لیے ٹیوب
- جاذب پیڈ والی ایک تھیلی
- دو بے بی وائپس (یہ کٹ میں نہیں دیے گئے)
- ایک پین (یہ کٹ میں نہیں دیا گیا)

2



- چنیں کہ آپ کونسی چھاتی سے دودھ نکالیں گی
- دونوں میں سے کوئی بھی چھاتی ٹھیک ہے
- چھاتی، نپل اور نپل کے آس پاس والے حصے کو بے بی وائپ سے صاف کریں

3



- دودھ کے نمونے کے لیے دی گئی ٹیوب کا ڈھکن اتاریں
- کوشش کریں کہ اس کے اندر کا پاؤڈر نہ گرے

4



- ہاتھ سے دودھ نکال کر ٹیوب میں ڈالیں
- اس کی بجائے آپ صاف بریسٹ پمپ بھی استعمال کر سکتی ہیں – پھر دودھ کو ٹیوب میں ڈال دیں
- ٹیوب کو آدھا بھرنے کی کوشش کریں (ایک چائے کے چمچ کے برابر)
- اگر آپ اتنا دودھ نہ حاصل کر سکیں تو جتنا آپ حاصل کر سکیں، وہی ٹھیک ہے

5

- **ٹیوب پر ڈھکن واپس لگائیں – چیک** کریں کہ ٹیوب سختی سے بند ہے
- چھاتی، نپل اور نپل کے آس پاس والے حصے کو دوبارہ بے بی وائپ سے صاف کریں
- دودھ کی ٹیوب پر اس جگہ تاریخ اور وقت لکھیں جہاں لکھا ہے **'Date and Time Collected'**

6



- ٹیوب کو جاذب پیڈ والی تھیلی میں ڈالیں
- تھیلی کے کناروں کو ملا کر دبائیں – تھیلی کو ایسے بند کریں کہ کم سے کم ہوا اندر رہے

7



- تھیلی کو اس لفافے میں ڈالیں جس کا ڈاک خرچ ادا کیا جا چکا ہے
- لفافے کو بند کریں
- اسے کمرے کے درجۂ حرارت پر رکھا جا سکتا ہے (فریج یا فریزر میں نہ رکھیں)

8



- نمونہ حاصل کرنے کے بعد اسے جلد از جلد ڈاک سے GenV کو بھیج دیں
- آپ اسے آسٹریلیا پوسٹ کے کسی بھی ڈبے میں ڈال سکتی ہیں
- ٹکٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہے

9

- اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو QR کوڈ سکین کریں
- یہ کوڈ آپ کو GenV' کی ویب سائیٹ پر حیاتیاتی نمونے حاصل کرنے کے لیے ہدایات' تک لے جائے گا

V1.0 2022-06-28

اگلی نسل کو صحت مند ترین نسل بنانے میں مدد کے لیے شکریہ۔